# پریس ریلیز
# "حکومتی پالیسیاں"
# بجٹ

## پاکستانیوں کی اکثریت 53% کے مطابق حال ہی میں منظور ہونے والے سالانہ وفاقی اور صوبائی بجٹ سے عام آدمی کو کوئی آسانیاں نہیں ملیں گی یا بہت کم ریلیف ملے گا:


(گیلپ &گیلانی پاکستان پول)،

اسلام آباد، 16 جولائی، 2021

گیلپ &گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 37% پاکستانیوں کے مطابق حال ہی میں منظور ہونے والے بجٹ سے عام آدمی کے لیے آسانیاں پیدا نہیں ہوں گی، مزید 16% پاکستانی اس حوالے سے بہت کم پرامید ہیں۔ جس کے نتیجے میں 53% پاکستانیوں کی اکثریت ایسی ہے جو حال ہی میں منظور ہونے والے بجٹ اور پاکستانیوں کو ریلیف دینے کی صلاحیت کے حوالے سے شکوک و شبہات کا شکار ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"آپ کے خیال میں موجودہ بجٹ سے ایک عام آدمی کو کس حدتک آسانیاں ملیں گی ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 5% جوابدہندگان کے مطابق موجودہ بجٹ سے ایک عام آدمی کو بہت زیادہ آسانیاں ملیں گی ، 17% کے مطابق موجودہ بجٹ سے ایک عام آدمی کو کسی حدتک آسانیاں ملیں گی، 16% کے مطابق موجودہ بجٹ سے ایک عام آدمی کو بہت کم آسانیاں ملیں گی، 37% کے مطابق موجودہ بجٹ سے ایک عام آدمی کو بالکل بھی آسانیاں نہیں ملیں گی، 21% جوابدہندگان کے مطابق اُنھیں اس بارے میں معلوم نہیں ہے، تاہم 4% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

" آپ کے خیال میں موجودہ بجٹ سے ایک عام آدمی کو کس حد تک آسانیاں ملیں گی ؟"





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, [www.gilanifoundation.com](http://www.gilanifoundation.com))*

**صوبے کے نتائج: موجودہ بجٹ میں پاکستانیوں کو کسی بھی طرح کا ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے شکوک و شبہات کے حوالے سے پنجاب تمام صوبوں میں سرفہرست رہا۔**

موجودہ حکومتی بجٹ عام آدمی کے لیے بہت زیادہ آسانیاں پیدا کرے گا کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح پنجاب میں 5% ، سندھ میں 7% ، خیبر پختونخواہ میں 5% اور بلوچستان میں 4% پائی گئی ۔ موجودہ حکومتی بجٹ عام آدمی کے لیے کافی آسانیاں پیدا کرے گا کے حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح پنجاب میں 14% ، سندھ میں 19% ، خیبر پختونخواہ میں 22% اور بلوچستان میں 23% پائی گئی ۔

**صوبے کے نتائج**




گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1066 مرد و خواتین سے 01 جولائی تا 13 جولائی 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 2-3% ± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔ جواب دہندگان کا تعلق پاکستان کے 100 سے زائد اضلاع سے ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 16 July 2021**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years of Gallup Pakistan
(1980-2021)